غیرقانونی رہائش پذیرافراد کوخصوصی ویزا دینے کے لئے نئی گائیڈ لائنز طے کردی گئیں -

تحریر : علی ، سائتاما

جاپان کے وزیرِانصاف اے سُکے موری نے ، اپنی ۱۰ جولائی کی پریس کانفرنس میں غیرقانونی طور پر رہائش پذیر افراد کو خصوصی رہائشی اجازت نامہ دینے کے سلسلے میں نئی گائیڈ لائن کا اعلان کیا - نئی گائیڈ لائن کے تحت ، ایسے افراد کو رضاکارانہ طور پر اپنے غیرقانونی قیام کی اطلاع دینے پر خصوصی رہائشی اجازت نامہ دیا جا سکتا ہے ، جو جاپان میں ۲۰ سال سے زائد عرصے سے قیام پذیر ہیں ، یا ان کے جاپانی اسکولوں میں زیر تعلیم بچّے ۱۰ سال سے زائد عرصے سے ان کے ساتھ مقیم ہیں -

تاہم ، جناب موری نے بتایا کہ جو لوگ منشیات یا اسلحہ رکھنے ، یا دیگر سنگین جرائم میں سزا یافتہ ہیں ان کو خصوصی رہائشی اجازت نامہ نہیں دیا جائے گا - وزیرِانصاف گائیڈ لائن پرعمل کرتے ہوئے خصوصی رہائشی اجازت نامہ جاری کر سکتے ہیں - وزیر انصاف کے مطابق ، موجودہ درخواست دہندگان کے کیسوں کا فیصلہ بھی ، نئی گائیڈ لائن کو مد نظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا -

نئی گائیڈ لائن کی تیاری میں چودہ سالہ فلپائنی لڑکی کے کیس وغیرہ کو بھی

سامنے رکھا گیا ہے ، جو جاپان میں پیدا ہوئی اور پلی بڑھی - اس کے ماں باپ کو اپریل میں جاپان سے بیدخل کردیا گیا تھا - یہ فیملی کافی عرصہ سے جملہ افراد کے لئے خصوصی رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی تھی ، لیکن وزارت انصاف نے ان کی درخواست کو رد کرتے ہوئے رہائشی اجازت نامہ نہیں دیا تھا ، تاہم صرف لڑکی کو جابان میں رہنے کی اجازت دی گئی تھی -

وزیرِ انصاف کا کہنا ہے کہ اس نئی گائیڈ لائن کے تحت بھی ، ماں باپ کو ملک چھوڑنا ہی تھا کیوں کہ وہ لوگ غلط پاسپورٹ پر جاپان میں داخل ہوئے تھے -

یاد رہے کہ خصوصی رہائشی اجازت نامہ وزیر انصاف کا صوابدیدی اختیار ہے ، اور اب تک اس کے اجراء کے لئے جانچ کے اصول واضح نہ ہونے کی وجہ سے اس پر تنقید بڑھتی جارہی تھی -

وزارت انصاف کے تخمینے کے مطابق ، جاپان میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی تعداد ایک لاکھ ۳۰ ہزار ہے -